کووڈ-19 کے پھیلاؤ میں کمی لانے میں مدد فراہم کرنے کے لیے
اونٹیریو میں **مفت ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ** تقسیم کیے جا رہے ہیں۔

ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ کیا ہے؟

- استعمال میں آسان ایک ٹیسٹ ہے جو کووڈ-19 وائرس کی موجودگی کا پتہ لگاتا ہے۔.
- ٹیسٹ کے ذریعے 15 منٹ کے اندر دستیاب ہو جاتے ہیں اور PCR نتائج کی ضرورت ان کی دوبارہ تصدیق نہیں ہوتی۔
- گھر پر جانچ کے لیے، براہ کرم ٹیسٹ کے ساتھ فراہم کردہ ہدایات، اس ویڈیو میں ملاحظہ کریں: youtube.com/watch?v=CBBd4JRWTsg
اور منہ اور ناک سے سویب لینے کی مشترکہ ہدایات (جو ٹیسٹ کی حساسیت کو بڑھا سکتی ہیں)، یہاں ملاحظہ کریں: ontariohealth.ca/RATinstructions

کس کو سکریننگ ٹیسٹ استعمال کرنا چاہیے؟

- جن لوگوں میں کووڈ-19 کی علامات موجود ہوں، بشمول درج ذیل میں سے کوئی ایک:
  - بخار اور/یا سردی لگنا؛
  - کھانسی؛
  - سانس کا اکھڑنا؛
  - سونگھنے یا چکھنے کی حِس ختم یا کم ہو جانا؛ یا
  - **درج ذیل میں سے دو یا زیادہ:**
    - ناک بہنا/بند ہونا
    - سر درد
    - بہت زیادہ تھکاوٹ
    - گلے کی سوزش
    - پٹھوں میں درد اور/یا جوڑوں میں درد
    - نظام انہظام کے مسائل (یعنی متلی، قے اور/یا پیچش ہونا)
- جن لوگوں میں کووڈ-19 کی علامات موجود نہ ہوں اور ان کا کورونا کے کسی مریض کے ساتھ قریبی رابطہ بھی نہ ہوا ہو، تو ایسے لوگوں کے لیے ایک بار کی ٹیسٹنگ (مثلاً کسی سماجی اجتماع سے پہلے) کی سفارش نہیں کی جاتی۔ اگر آپ ایسا کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، تو ایسا ممکنہ حد تک کسی تقریب کے آخری وقت کے قریب ترین مکمل کریں اور جان لیں کہ منفی نتیجہ غلط منفی بھی ہو سکتا ہے۔

میرے ٹیسٹ کے نتیجے کا کیا مطلب ہے؟

مثبت نتیجہ

بہت زیادہ امکان ہے کہ آپ کو کووڈ-19 لاحق ہے۔

- جب تک آپ کا بخار ختم نہ ہو جائے اور 24 گھنٹے (یا معدے کے مسائل ہونے کی صورت میں 48 گھنٹے تک) سے علامات میں بہتری نہ آ رہی ہو، تب تک فوری طور پر خود کو الگ تھلگ رکھیں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو کووڈ-19 ہو سکتا ہے یا آپ کو اس کا سامنا ہے، **تو ontario.ca/exposed** ملاحظہ کریں۔

ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ کے حوالے سے مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں: **ontario.ca/rapidtest**

Ontario

- الگ تھلگ رہنے کے بعد، عوامی جگہوں پر ماسک پہنیں اور اپنی علامات شروع ہونے کے بعد سے (یا اگر آپ میں علامات موجود نہ ہوں، تو اپنے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کے بعد سے) 10 دنوں تک کمزور افراد سے دور رہیں اور زیادہ خطرے والی جگہوں پر جانے سے گریز کریں۔

- اگر آپ کی قوت مدافعت کمزور ہے، تو اپنے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی تاریخ کے بعد یا جب آپ کی علامات شروع ہو جائیں (جو بھی پہلے ہو) اور جب تک کہ آپ کا بخار ختم نہ ہو جائے اور علامات 24 گھنٹے سے بہتر نہ ہوں (یا اگر معدے کے کوئی مسائل ہوں، تو 48 گھنٹے تک)، تو کم از کم 10 دنوں کے لیے خود کو الگ تھلگ رکھیں۔
- اگر آپ سب سے زیادہ خطرے کی جگہوں میں رہتے ہیں، کام کرتے ہیں[1]، شرکت کرتے ہیں یا رضاکارانہ طور پر کام کرتے ہیں، تو انہیں بتائیں کہ آپ کا مثبت نتیجہ نکلا ہے اور دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔
- اپنے گھر کے افراد اور قریبی رابطوں کو مطلع کریں اور انہیں 10 دنوں کے لیے ماسک لگانے اور کمزور افراد اور زیادہ خطرے والی جگہوں سے بچنے کا مشورہ دیں۔
- اگر آپ کو زیادہ خطرہ ہو اور اگر آپ علامات شروع ہونے کے 5 دن کے اندر اینٹی وائرل ادویات استعمال کرتے ہیں، تو یہ ادویات سنگین نتائج کو کم کرنے میں مدد فراہم کر سکتی ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ontario.ca/antivirals پر جائیں یا 811 پر کال کریں۔

منفی نتیجہ،

- اگر آپ میں کووڈ-19 کی علامات موجود ہوں، مگر آپ کے ٹیسٹ کا نتیجہ منفی آیا ہو، تو آپ کو پھر بھی کووڈ-19 ہو سکتا ہے۔
- پہلی بار اپنا نتیجہ منفی آنے کے بعد 24-48 گھنٹوں کے اندر دوبارہ اپنا ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ کریں۔ اگر اس کا نتیجہ بھی منفی ہو، تو اس بات کا بہت امکان ہے کہ آپ کو کووڈ-19 نہیں ہے۔ اپنی علامات میں بہتری آنے تک اپنے آپ کو کم از کم 24 گھنٹوں تک (یا 48 گھنٹے اگر آپ کو نظام انہظام کے مسائل ہوں) الگ تھلگ کر لیں۔

فروخت کے لیے نہیں ہے

Publication No. (300861) ISBN No. 978-1-4868-5908-5. Revised PDF September 2022.
© Queen's Printer for Ontario, 2022.

[1] سب سے زیادہ خطرے کی جگہوں میں ہسپتال (بشمول مسلسل نگہداشت کی پیچیدہ سہولیات) اور طبی اور سماجی طور پر کمزور افراد کے ساتھ رہنے کی جگہیں شامل ہیں، بشمول طویل مدتی نگہداشت اور ریٹائرمنٹ ہومز، فرسٹ نیشن بزرگوں کی دیکھ بھال کے گھر، گروپ ہومز، پناہ گاہیں، ہسپتال، اصلاحی ادارے اور ہسپتالوں کے اسکول۔